## حکومت، عسکری قیادت، اسٹیبلشمنٹ اور قومی سلامتی کمیٹی کے ارکان نیٹو سپلائی، ڈرون حملوں اور قومی سلامتی کے بارے میں اپنی ضرورتوں، مشکلات اور مجبوریوں سے قوم کو آگاہ کریں۔ الطاف حسین

## دائیں بائیں کی باتیں کرنے اور مبہم بیانات دینے سے گریز کرتے ہوئے قوم کو اعتماد میں لیں

## حقائق سے فرار ہرگز ہرگز مسائل کا پائیدار حل نہیں ہوسکتا۔ شترمرغ کی طرح ریت میں منہ دینے سے خطرات ہرگز ختم نہیں ہوتے

## زندہ قومیں خطرات کا سامنا کرنے کیلئے حقائق کی روشنی میں حقیقت پسندانہ فیصلے کرتی ہیں اور حالات کا مقابلہ کرتی ہیں

## حکومت، عسکری قیادت، اسٹیبلشمنٹ اور پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی سے قائد تحریک الطاف حسین کی دردمندانہ اپیل

لندن:۔۔۔3اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ایک ہنگامی بیان میں حکومت، عسکری قیادت، اسٹیبلشمنٹ اور پارلیمنٹ کی قومی سلامتی کمیٹی کے ارکان سے نہ صرف پرزور مطالبہ کیا ہے بلکہ دردمندانہ اپیل کی ہے کہ اب جبکہ دوروز بعد قومی سلامتی کی کمیٹی کی سفارشات کے حوالے سے 5 اپریل کو پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس ہورہا ہے، اس سے پہلے ضروری ہے کہ حکومت، عسکری قیادت، اسٹیبلشمنٹ اور قومی سلامتی کمیٹی کے ارکان خدارا نیٹو سپلائی، ڈرون حملوں اور قومی سلامتی کے دیگر امور کے بارے میں نیٹو اور دیگر ترقی یافتہ ممالک کے مطالبات وخدشات کو سامنے رکھتے ہوئے میڈیا پر آکر ملک کی معاشی صورتحال، اپنی ضرورتوں اور دیگر مشکلات ومجبوریوں سے قوم کو آگاہ کریں اور دائیں بائیں کی باتیں کرنے اور مبہم بیانات دینے سے گریز کرتے ہوئے قوم کو اعتماد میں لیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کی اکیسویں صدی میں نوجوان تو کیا معصوم بچوں کا بھی آئی کیو لیول انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وجہ سے بہت بڑھ چکا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حقائق بیان کرنے کا عمل خواہ کتنا ہی تلخ کیوں نہ ہو مرض کے علاج کیلئے کڑوی دوائی پینی پڑتی ہے اور کسی کڑوی دوائی میں چینی یا کینڈرل ڈالکر اس دوا کی کڑواہٹ کو کم تو کیا جاسکتا ہے لیکن اس کڑواہٹ کے جسم پر پڑنے والے اثرات کو کسی طرح ختم نہیں کیا جاسکتا لہٰذا میں تاریخ کے ایک طالبعلم ہونے کے ناطے اپنی ناقص رائے میں حکومت، عسکری قیادت، اسٹیبلشمنٹ اور قومی سلامتی کمیٹی کے ارکان سے یہ کہوں گا کہ حقائق سے فرار ہرگز ہرگز مسائل کا پائیدار حل نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس حقیقت کو بھی ہرگز ہرگز نہ بھولا جائے کہ شترمرغ کی طرح ریت میں منہ دینے سے خطرات ہرگز ختم نہیں ہوتے۔ زندہ قومیں خطرات کا سامنا کرنے کیلئے حقائق کی روشنی میں حقیقت پسندانہ فیصلے کرتی ہیں اور حالات کا مقابلہ کرتی ہیں۔

## گلگت میں بے گناہ اور معصوم افراد کو شہید وزخمی کرنے کے واقعات پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔3،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے گلگت میں بے گناہ اور معصوم افراد کو دستی بموں کے حملے اور بسوں سے اتار کر شہید وزخمی کرنے کے واقعات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں شہید ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید افراد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد ومکمل صحت یابی عطا فرمائے۔

## گلگت میں دستی بم حملے پر رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت، متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔3،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلگت میں بے گناہ اور معصوم افراد کو دستی بموں کے حملے کرکے بسوں سے اتار کر اور مختلف علاقوں میں فائرنگ کرکے شہید وزخمی کرنے کے واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ دستی بم کے حملے میں ملوث دہشت گرد گلگت و بلتستان میں امن وامان کی صورتحال خراب کرنا چاہتے ہیں اور اپنے مذموم عزائم کو پایہ تکمیل تک پہنچا کر ملک وقوم کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی پالیسی پر گامزن ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلگت بلتستان میں فرقہ واریت کی بنیاد پر بے گناہ لوگوں کا قتل عام بند کرایا جائے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کی فضاء کے قیام کیلئے فی الفور مثبت اور ٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ رابطہ کمیٹی نے دستی بموں کے حملوں، بسوں سے اتار کر فائرنگ کے نتیجے میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ سے مطالبہ کیا کہ دستی بم حملوں اور فائرنگ میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے سخت ترین سزا دی جائے۔

## ڈائریکٹر گورنرز پروگرام ایسٹ اینڈ ویسٹ سینٹر شبیر چیمہ ہونولولو کے ہمراہ امریکن صحافیوں کے وفد نے نائن زیرو کا دورہ کیا

## خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل اور رابطہ کمیٹی کے اراکین سے ملاقات

## ایم کیوایم مغرب اور مشرق کے درمیان بہتر تعلقات کی خواہاں ہے، ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل کی وفد سے گفتگو

کراچی:۔۔۔2/اپریل، 2012ء

ڈائریکٹر گورنرز پروگرام ایسٹ اینڈ ویسٹ سینٹر شبیر چیمہ ہونولولو کے ہمراہ امریکن صحافیوں کے ایک وفد نے پیر کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد کا دورہ کیا اور خورشید بیگم سیکریٹریٹ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، محترمہ نسرین جلیل، رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، مصطفیٰ کمال، واسع جلیل اور طارق میر سے ملاقات کی۔اس موقع پر (Pildat) کے پروجیکٹ مینیجر (Mr.Jawdat Bilal) بھی انکے ہمراہ تھے۔امریکن صحافیوں کے وفد میں (Tara Bahrampour
Washing Post)،(John Diaz San Francisco Chronicle)،
(Jenna Fisher Of Christian Science Monitor)،(Larisa Epatlo Of PBS News Hour,Arlington)
(Dan Boyce Of University Of Montana)،(Ann Hartman Of East-West Center)،
(Terry Anzur Of Media Coach Center) شامل تھے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی، سماجی، معاشی اور اقتصادی صورتحال کے علاوہ باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹر فاروق ستار اور محترمہ نسرین جلیل نے وفد کے ارکان کو کراچی اور سندھ کی سطح پر حق پرست منتخب نمائندوں کے ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور اس امر کا اظہار کیا کہ ایم کیوایم مغرب اور مشرق کے درمیان بہتر تعلقات کی خواہاں ہے۔رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز نے وفد کو بتایا کہ ایم کیوایم منظّم سیاسی جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے نوجوانوں کو ملک کے منتخب ایوانوں میں پہنچا کر ملک بھر کے عوام کی زندگیوں میں مثبت تبدیلی لانے کی بنیاد رکھ دی ہے۔بعدازاں وفد کے ارکان نے نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کے منظّم اور فعال کام کی تعریف کی۔آخر میں وفد کے ارکان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی زندگی پر مبنی MY LIFE"S JOURNEY اور پکٹوریل بائیوگرافی پر مبنی کتابیں پیش کیں۔

## ذوالفقار علی بھٹو شہید کی برسی پر صرف صوبہ سندھ میں عام تعطیل کا اعلان کرکے انکی ذات کو صرف صوبہ سندھ تک محدود کردیا گیا ہے جو افسوسناک ہے۔سلیم شہزاد

## ذوالفقار علی بھٹو شہید نے اپنی جان سندھ کیلئے قربان نہیں کی بلکہ ملک سے آمریت کے خاتمہ اور جمہوریت کی بحالی کیلئے قربانی دی

## ذوالفقار علی بھٹو شہید کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے صرف سندھ میں ہی نہیں بلکہ پورے ملک میں عام تعطیل کا اعلان کیا جائے

لندن۔۔۔ 3 اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ مجھے اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو اس بات پر شدید دکھ ہوا ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو شہید جنہوں نے ملک میں جمہوریت کو پروان چڑھایا، آمریت کے خلاف سینہ سپر ہوکر جدوجہد کی۔جنہوں نے اپنی جان سندھ کے حقوق کیلئے قربان نہیں کی بلکہ ملک سے آمریت کے خاتمہ اور جمہوریت کی بحالی کیلئے قربانی دی لیکن موجودہ حکومت نے ذوالفقار علی بھٹو شہید کی برسی پر صرف صوبہ سندھ میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے اور ان کی ذات کو صرف صوبہ سندھ تک محدود کردیا گیا ہے جو افسوسناک ہے۔ہم تمام این جی اوز، تمام سول سوسائٹی اور وکلاء انجمنوں سمیت تمام جمہوریت پسند حلقوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ ایک آواز ہوکر یہ مطالبہ کریں کہ شہید جمہوریت ذوالفقار علی بھٹو شہید کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے صرف صوبہ سندھ میں ہی نہیں بلکہ پورے ملک میں عام تعطیل کا اعلان کیا جائے۔

## پاکستان بار کونسل کے رکن وممتاز قانون دان جسٹس (ر) رشیداے رضوی کی والدہ کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔3اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان بار کونسل کے رکن وممتاز قانون داں جسٹس ریٹائرڈ رشیداے رضوی کی والدہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے رشید رضوی سمیت مرحومہ کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان دکھ کی اس گھڑی میں آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی،متحدہ لائر فورم اور لیگل ایڈ کمیٹی کے ارکان نے بھی ممتاز قانون دان رشیداے رضوی سے ان کی والدہ کے انتقال پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت،ان کے درجات کی بلندی اور سوگوارلواحقین کے صبر جمیل کیلئے دعا کی ہے۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر ایلڈر زونگ کے کارکن شفیع احمد خان کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔3اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 ایلڈر زونگ کے کارکن شفیع احمد خان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔3اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 ایلڈر زونگ کے کارکن شفیع احمد خان،لانڈھی سیکٹر یونٹ 80 کے کارکن محمد جمیل کی والدہ محترمہ بسم اللہ بیگم اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 77 کے کارکن سید اعجاز شاہ قادری کی والدہ محترمہ عسکری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سکھر زون کی جانب سے شہید زونل انچارج نورالدین جہانگیر کی برسی کا اجتماع شوکت السلام ہال جناح چوک سکھر میں منعقد ہوا

## اجتماع میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی

## جتماع میں ایم کیوایم سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید بیگم،سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی ودیگر کی شرکت

سکھر:۔۔۔3اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کی جانب سے شہید زونل انچارج نورالدین جہانگیر کی برسی کا اجتماع شوکت السلام ہال جناح چوک سکھر میں منعقد ہوا۔جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی اور شہید کی تحریک کی لازوال قربانیوں پر انہیں زبردست خراج تحسین پیش کیا۔برسی کے اجتماع میں ایم کیوایم سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید بیگم،سکھر زون کے انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی کے علاوہ تمام شعبہ کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں شہید زونل انچارج نورالدین جہانگیر،تحریک کے تمام شہداء سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## مزارعین پر جبر وتشدد کے زریعے انکی آواز کو دبایا نہیں جاسکتا، افتخار اکبر رندھاوا
## ایم کیوایم انجمن مزارعین کی جدوجہد میں انکے ساتھ ہے، انہیں فوری مالکانی حقوق دیئے جائیں، رائے خالد محمود
## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن اور زونل انچارج ملتان کی انجمن مزارعین پنجاب کے وفد سے ملاقات میں گفتگو
## حق گوئی پر قائدتحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے ذمہ داران کے شکر گزار ہیں، انجمن مزارعین پنجاب

ملتان۔۔۔۔۔3 اپریل، 2012ء

ایم کیوایم انجمن مزارعین کی جدوجہد میں انکے ساتھ ہے۔مزارعین کوانکے حقوق دلانے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے،ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں انجمن مزارعین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا،انہوں نے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیشہ مظلوم ومحروم طبقات کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کسی ظالم یا جابر کوغریبوں کے حقوق غصب نہیں کرنے دیں گے۔انہوں نے کہا کہ عرصہ دراز سے اقتدار پر مسلط بڑے بڑے جاگیردار اور وڈیرے عوام کے مسائل حل کرنے کی بجائے علاقے اور عوام کے مسائل کا باعث بن چکے ہیں اور انکے حقوق غصب کئے بیٹھے ہیں۔غریب سارا سال محنت کرتے ہیں اور جب فصل تیار ہوتی ہے اس پر قبضہ کرلیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جب غریب اور متوسط طبقے سے قیادت اقتدار کے ایوانوں میں پہنچے گی تبھی مسائل حل ہوں گے۔اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے زونل انچارج ملتان رائے خالد محمود نے کہا کہ ایم کیوایم انجمن مزارعین پنجاب کی جدوجہد میں انکے ساتھ ہے اور انہیں مالکانہ حقوق دلا کر دم لے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ملتان ہاؤس جنوبی پنجاب کے ہر مظلوم کا گھر ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم جنوبی پنجاب کی محرومیاں دور کرے گی تعلیم اور صحت کے میدان میں انقلابی اقدامات کرکے عوام میں شعور بیدار کریں گے۔اس موقع پر انجمن مزارعین پنجاب کے عہدیداران مہر غلام عباس صدر انجمن مزارعین پنجاب،محمد علی جٹ صدر جہانیاں،مہر محمد عزیز نائب صدر پنجاب،اظہر سعید نائب صدر خانیوال،مہر علی عارف والا،ملک ممتاز سیکریٹری نشر اشاعت پنجاب،محمد اخلاق سیکریٹری نشر واشاعت پنجاب،ملازم حسین صدر احسان پور، محمد اسلم ممبر سپریم کونسل نیاز احمد جنرل سیکریٹری عارف والا،چوہدری لیاقت علی گل چیئرمین پنجاب،مہر عزیز شاہ،زونل کمیٹی ملتان کے جوائنٹ انچارجز رانا ابوبکر اقبال،ڈاکٹر اکرم علی،عمران اعظم گاڈی اراکین،ندیم مرزا،محمد جاوید حیدر،قیصر کھیڑا ایڈوکیٹ،قاسم رضوی،مستنصر سہیل،کلیم زبیر،علی عمران سہروردی اور دیگر بھی موجود تھے۔

## متحدہ قومی موومنٹ بوسن ٹاؤن کی تنظیم نو کے لئے انٹرویو 6 اپریل کو ڈسٹرکٹ آ س دہلی گیٹ میں ہوں گے

ملتان۔۔۔۔۔3 اپریل، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کی جانب سے جاری کی گئی پریس ریلیز کے مطابق متحدہ قومی موومنٹ بوسن ٹاؤن کی تنظیم نو کیلئے انٹر یوایم کیوایم ڈسٹرکٹ آفس دہلی گیٹ میں دوپہر ایک بجے ہوں گے۔زون اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران بوسن ٹاؤن کمیٹی کیلئے انچارج جوائنٹ انچارجز،سیکریٹری اور اراکین کے انتخاب کیلئے انٹرویو کریں گے۔اس سلسلے میں ملتان ایم کیوایم ملتان ڈسٹرکٹ کی جانب سے کارکنان وذمہ داران کو اطلاعات کا سلسلہ جاری ہے۔

☆☆☆☆☆